O

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Ordinary Level

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/02**

Paper 2 Texts **For Examination in 2008**

SPECIMEN PAPER

**1 hour 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

**You must answer TWO questions, ONE from Section 1: Poetry and ONE from Section 2: Prose.**
**One answer must be a passage-based question and one must be an essay question.**

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.

مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیے

جواب لکھنے کی کاپی میں مہیا کی گئی جگہوں پر اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر لکھیں۔

صرف نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کریں۔

جواب لکھنے کے لئے مہیا کی گئی علیحدہ کاپی پر اپنا جواب اردو میں تحریر کریں۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائیٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ مت استعمال کریں۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

صرف دو سوالوں کے جواب لکھیں۔ ایک سوال حصہ اول شاعری سے کریں اور دوسرا سوال حصہ دوم نثر سے ایک سوال سے متعلق اور دوسرا سوال مضمون پر مبنی ہونا لازمی ہے۔

اس پرچے میں ہر سوال کے مارکس بریکٹ میں دیے گئے ہیں۔ [ ]

اگر آپ ایک سے زیادہ جوابی کاپیاں استعمال کریں تو انہیں مضبوطی سے ایک دوسرے سے منسلک کر دیں۔

This document consists of **3** printed pages and **1** blank page.

© UCLES 2007

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

## SECTION 1: POETRY

### Question 1

اُلٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا
عہدِ جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا
حرف نہیں جاں بخشی میں اُس کی،خوبی اپنی قسمت کی
ہم سے جو پہلے کہہ بھیجا،سو مرنے کا پیغام کیا
ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں،ہم کو عبث بدنام کیا
سارے رند،اوباش جہاں کے تجھ سے سجود میں رہتے ہیں
بانکے، ٹیڑے، ترچھے، تیکھے سب کا تجھ کو امام کیا

ا) شاعر کا نام لکھیے۔ [1]

ب) غزل اور نظم کے فرق کو واضح کیجیے۔ [4]

ج) غزل کے چوتھے اور پانچویں شعر میں شاعر کیا بیان کرنا چاہتا ہے۔ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ [6]

د) یہ غزل شاعر کی ذات، ماحول اور قلبی کشمکش کی آئینہ دار ہے۔ وضاحت کیجیے۔ [8]

ر) مندرجہ ذیل الفاظ کا مطلب واضح کیجیے۔
پیری، حرف، عبث، تہمت، رند، اوباش [6]

### Question 2

''مولانا حالی نے غزل میں بھی اصلاحی اقدامات کیے اور ایک منفرد و جدید رنگ اختیار کیا'' حالی کی شاملِ نصاب غزلوں کے حوالے سے اس بیان پر بحث کیجیے۔

[25]

© UCLES 2007

## SECTION 2: PROSE

### Question 3

صفدر یاسین نے سا تنگ کے کھاتے میں رقمیں لکھتے لکھتے ہاتھ روک لیا اور میز پر پڑا ہوا خط اُٹھا لیا۔ خوبصورت حروف اور بُرش کی مشاق اور محتاط جُنبشوں میں مختصراً اُس کی ماں نے اپنے گھر کی پہلی شادی کی اطلاع اپنے اس کماؤ پوت کو دی تھی۔ جو اِس سے منزلوں اور میلوں دُور تھا۔ پردیس میں بیٹھے ہوئے لڑکے پر اس نے اپنی پریشانی اور فکروں کا کوئی اظہار نہ کیا تھا۔ لیکن وہ چند قانع الفاظ اور سنجیدہ سطریں اس کی دلی کیفیت کی ترجمان تھیں۔ ''اچھا بیٹا! تم رنج نہ کرنا۔ تم جہاں کہیں بھی رہو۔ ہم تم کو اپنے آپ سے بالکل قریب ہی سمجھتے ہیں۔ تم ہماری ہی خاطر تو اتنی دُور جا بیٹھے ہو۔ تم اپنی بہن کی خوشحالی کی دُعا کرنا۔ تم کوئی غم نہ کرنا۔'' ''نہیں ماں! میں غم نہیں کروں گا۔ میں خوش ہوں کہ میرے باپ کی بیٹی کسی سُود خوار مہاجن یا راشی افسر کی بیوی نہیں بننے والی ہے۔ جس کے رگ و ریشے میں محنت کی حلال اور محتاط کمائی کا خون دَوڑ رہا ہے۔ وہ ظلم اور زیادتی کی ناروا راحتوں سے محفوظ رہے گی۔ ماں تُم بھی شکر کرو کہ وہ کسان کے گھر جا رہی ہے۔ کسان تو جگ کا پالن ہار ہوتا ہے۔''

پھر بھی وہ ملُول اور افسردہ تھا۔ اس کی جفاکش اور یتیم بہن اپنے گھر جا رہی ہے۔ اس گھر کو چھوڑ کر جہاں کبھی اُس نے سُکھ نہیں دیکھا۔ جہاں اس کو کبھی ڈھنگ سے روٹی بھی نہ ملی۔

ا) صفدر یاسین اپنی بہن کی شادی پر ضرورت سے زیادہ افسردہ اور پریشان کیوں نظر آتا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ [12]

ب) ''لوگوں کو ہنستا بولتا، زندگی کی دمادم میں مصروف دیکھ کر اپنی سوچوں اور محرومیوں کا احساس بالکل مٹ جاتا ہے''۔ صفدر یاسین کا یہ بیان اُس کی دلی کیفیت کی عکاسی کرتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

[13]

### Question 4

جہانگیر مرزا کی لڑکی کی شادی گھر کی پہلی شادی تھی مگر پھر بھی نہایت خاموشی سے ہو رہی تھی۔ اس کی اصل وجہ کیا تھی اور شادی کے حوالے سے صولت، صفدر، چچی اور بیگم کے کرداروں پر اپنے خیالات کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

[25]

© UCLES 2007 

**BLANK PAGE**

Copyright Acknowledgements:

Question 1 © Salim Akhtar; *O Level Shaeeree Bama Taruf Tashreeh Farhang*; Sang-e-Meel; 2002.
Question 3 © Altaf Fatima; *Dastak Na Do*; Feroz Sons.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.